اللہ تعالی سے ڈرنے کا حق

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:

اللہ سے ڈرنے کا حق یہ ہے کہ

اُس کی اطاعت کی جائے،

نافرمانی نہ کی جائے؛

اُس کا ذکر کیا جائے، اُسے بھلایا نہ جائے؛

اُس کا شکر کیا جائے، ناشکری نہ کی جائے۔

(تفسیر سورہ آل عمرآن آیت 102- ابن کثیر)

زبان کی حفاظت- حقیقی تقویٰ کی پہچان

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:

لَا يَتَّقِي الْعَبْدُ اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهِ حَتّٰى يُخْزَنَ مِنْ لِسَانِهِ

بندہ اُس وقت تک اللہ کا سچا تقویٰ اختیار نہیں کر سکتا، جب تک کہ وہ اپنی زبان کی حفاظت نہ کرے۔

(تفسیر سورہ آل عمرآن آیت 102- ابن کثیر)